Fairfax County PUBLIC SCHOOLS
ENGAGE • INSPIRE • THRIVE

URDU

تعلیمی سال 2024-2025 ء کے، دوہری زبان کے استغراقی (DLI) پروگرام کی معلومات

کنڈرگارٹن اور پہلے گریڈ کے تمام اُبھرتے ہوئے طلبا وطالبات ، جو فیئر فیکس کاؤنٹی میں رہائش پذیر ہیں ، دوہری زبان کے استغراقی (DLI) پروگراموں کی قرعہ اندازی میں حصہ لے سکتے ہیں ۔ DLI پروگراموں میں ، طالبعلم دو زبانوں میں ایلیمنٹری مواد پڑھ رہے ہیں ، اور وہ دن کا آدھا وقت کسی ایک زبان میں پڑھنے میں گزارتے ہیں ۔ انگریزی فنون زبان اور معاشرتی علوم انگریزی زبان میں پڑھائے جاتے ہیں ۔ ریاضی ، سائنس ، صحت اور مطلوبہ زبان فنون دوسری زبان میں پڑھائے جاتے ہیں ۔

ایف سی پی ایس فرانسیسی ، جرمن ، جاپانی ، کورین اور ہسپانوی میں DLI پروگرامز پیش کرتا ہے ۔ **آن لائن لاٹری کی درخواستیں 22 جنوری (صبح 9 بجے) کو شروع ہوں گی** ۔ درخواست مکمل کرنے کے لیئے ، **SIS اکاؤنٹ** درکار ہے ۔ اگر کوئی طالبعلم فی الحال FCPS میں داخل نہیں ہے تو اپنے علاقے کے اسکول میں رجسٹریشن کروانی ضروری ہے ۔ FCPS ایسے طالبعلموں کو ٹرانسپورٹیشن کی سہولت فراہم نہیں کرتا جو DLI اسکول کی حدود سے باہررہائش پذیر ہیں ۔ حدود سے باہر داخلہ کی درخواست منظور ہونے کی صورت میں صرف **ایک بار** 100 ڈالر کی فیس لازمی جمع کرانی ہے (دیکھیئے نوٹس 5922) ۔

پروگرام کے مقامات اور معلوماتی اجلاس

مندرجہ ذیل اسکول ، تعلیمی سال 2024-2025 ء میں کاؤنٹی بھر کے DLI پروگراموں کے داخلوں کی پیشکش کرتے ہیں ۔ والدین کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ کسی ایک معلوماتی اجلاس میں ضرور شرکت کریں ۔ تمام اجلاسوں کی تاریخیں ذیل میں دی گئی ہیں ۔ ورچوئل تقریب کے سوا ، تمام اجلاس درج ذیل ابتدائی اسکولوں میں منعقد ہوں گے ۔

زبان	گریڈز	مقام*	تاریخ	وقت	برف باری کی صورت میں تاریخ	وقت
فرانسیسی	1	Kent Gardens	18 جنوری	شام 5:30 بجے	29 جنوری	شام 5:30 بجے
جرمن	1	Orange Hunt	24 جنوری	شام 6:00 بجے	یکم فروری	شام 6:00 بجے
جاپانی	1	Fox Mill	17 جنوری	شام 7:00 بجے	24 جنوری	شام 7:00 بجے
جاپانی	1	Great Falls	30 جنوری	شام 5:00 بجے	31 جنوری	شام 5:00 بجے
کورین	K اور 1	Colin Powell	31 جنوری	شام 6:30 بجے	6 فروری	شام 6:30 بجے
ہسپانوی	K اور 1	Bailey's Primary	25 جنوری	شام 7:00 بجے	30 جنوری	شام 7:00 بجے
ہسپانوی	K اور 1	Fort Hunt	16 جنوری	شام 6:30 بجے	24 جنوری	شام 6:30 بجے
ہسپانوی	K اور 1	Lake Anne	16 جنوری	شام 6:30 بجے	25 جنوری	شام 6:30 بجے
ہسپانوی	K اور 1	Laurel Ridge	23 جنوری	شام 6:00 بجے	24 جنوری	شام 6:00 بجے
ہسپانوی	K اور 1	London Towne	22 جنوری	شام 7:00 بجے	29 جنوری	شام 7:00 بجے
ہسپانوی	1	Ravensworth	24 جنوری	شام 6:30 بجے	31 جنوری	شام 6:30 بجے
ہسپانوی	K اور 1	Rose Hill	23 جنوری	شام 6:00 بجے	یکم فروری	شام 6:00 بجے
تمام زبانیں	K اور 1	ورچوئل**	یکم فروری	شام 6:00 بجے	اطلاق نہیں ہوتا	اطلاق نہیں ہوتا

اندراج کی مزید معلومات کیلئے ملاحظہ کیجیئے: https://www.fcps.edu/registration/dual-language-immersion-programs-registration.
عام پروگرام کی معلومات کیلئے: https://www.fcps.edu/academics/elementary/world-languages-immersion-programs

*ایف سی پی ایس اسکول پر مبنی اضافی ہسپانوی DLI پروگرام Braddock, Groveton, Herndon, اور Washington Mill میں بھی پیش کرتا ہے ۔ مزید معلومات کیلئے براہ مہربانی اسکول سے رابطہ کیجیئے ۔

** اسکول کی سائٹ پر موجود اجلاس کی میزبانی پرنسپل ، ورلڈ لینگوئجز آفس کے اشتراک کے ساتھ کرتے ہیں ۔ ورچوئل میٹنگ کی میزبانی ورلڈ لینگوئجز آفس کرتا ہے اوراس میں عام پروگرام کی تمام معلومات بھی شامل ہوتی ہیں ۔